## (۲)

نام کتاب : گلستانِ دعا

مصنف : عمرالدین قریشی

ضخامت : ۵۸۴صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: القریش ٹرسٹ' مکان نمبر۱۷' سٹریٹ ۳۹' سیکٹر F-6/1 اسلام آباد ملنے کا پتہ: ایضاً

یہ کتاب دعاؤں پر مشتمل ہے' جس میں قرآنی دعائیں اور مسنون دعائیں درج ہیں۔ کتاب کے آغاز میں چند معروف علمی شخصیات کے پیش لفظ ہیں۔ شروع میں سات ابواب ہیں جن میں دعا کے بارے میں اہم باتیں ہیں' مثلاً دعا کی اہمیت اور فضیلت' دعا حدیث کی روشنی میں' قرآن میں دعا کا حکم' دعا صرف اللہ تعالیٰ سے' قبولیت دعا' شرائط دعا' توبہ واستغفار' دعا کے مقبول اوقات وغیرہ۔ اس کے بعد کتاب کے تین حصے ہیں' پہلا حصہ قرآنی دعاؤں پر مشتمل ہے' جس میں دو فصلیں ہیں' جن میں مختلف دعاؤں کے فضائل بیان کیے گئے ہیں۔ حصہ دوم میں احادیث پر مشتمل دعائیں ہیں۔ اس میں ۱۹ فصلیں ہیں۔ ہر فصل میں مختلف عنوانات کے تحت مسنون دعائیں اور ان کے فضائل بتائے گئے ہیں۔ حصہ سوم میں حج وعمرہ سے متعلقہ دعائیں ہیں۔ یہ حصہ چار فصلوں پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں حج اور عمرے کا فرق' حج کی قسمیں' میقات اور احرام کے بارے میں معلومات ہیں۔ دوسری فصل میں عمرہ کی ادائیگی کا مسنون طریقہ بتایا گیا ہے۔ حج کے مقام اور ہر مقام کی دعا بتائی گئی ہے۔ تیسری فصل میں حج کے فرائض' واجبات اور سنتوں کا بیان ہے۔ حج کے پانچوں دنوں کا ترتیب کے ساتھ پروگرام بتایا گیا ہے۔ چوتھی اور آخری فصل میں مدینہ منورہ کا سفر اور روضہ پاک کی زیارت کے آداب اور وہاں کے مقدس مقامات بتائے گئے ہیں۔ گویا کتاب کا تیسرا حصہ حج اور عمرہ پر جانے والوں کے لیے راہنمائی کرتا ہے۔

افسوس کہ کتاب میں کمپوزنگ کی بہت سی اغلاط ہیں' جن کی تصحیح پر مشتمل مفصل اغلاط نامہ بھی لگا دیا گیا ہے' تاہم اتنی اغلاط قاری کے لیے پریشانی کا موجب ہیں۔

## (۳)

نام کتاب : امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد

مؤلف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : ۲۱۶صفحات' قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ : القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد ضلع نوشہرہ

مولانا ابوالکلام آزاد عبقری شخصیت تھے۔ ایسے لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے۔ اُن کے حالات وکوائف